# 15-10-2025  URDU NEWS BULLETIN 17.50 HRS

سرخیاں

۱۔  خریف سیزن کے دوران ریاست میں اناج کی ریکارڈ پیمانے پر پیداوار ہوئی ہے۔سیول سپلائز کے وزیراتم کمار ریڈی نے عہدیداروں کو کسانوں سے خریدی کے عمل کو عمدگی سے انجام دینے کیلئے تمام تر اقدامات کرنے کی ہدایت دی ہے۔

۲۔مرکزی وزیر بنڈی سنجے نے کہا ہے کہ داخلی سلامتی کے تعلق سے مرکز کی حکمتِ عملی کے ساتھ مارچ 2025ء تک نکسل ازم کا خاتمہ ہوجائے گا۔

۳۔حیدرآباد کی نیشنل پولیس اکیڈیمی نے جمعہ کو منعقد ہونے والی پاسنگ آؤٹ پریڈ میں جملہ 190 ٹرینی عہدیداروں شرکت کریں گے۔

اور

۴۔امورِ نوجوان اور اسپورٹس کی مرکزی وزارت نے نیشنل اسپورٹس گورننس ایکٹ 2025ء کے تحت ڈرافٹ نیشنل اسپورٹس گورننس قوانین کیلئے عوام سے تجاویز طلب کی ہیں۔

BAN

الیکشن کمیشن آف انڈیا (ای سی آئی) نے 6 سے 11 نومبر کے دوران حلقہ اسمبلی جوبلی ہلز کے ضمنی انتخاب کے پیش نظر کسی بھی طرح کی ایگزٹ پولس کی اشاعت یا منعقد کرنے پر پابندی لگادی ہے۔ڈسٹرکٹ الیکشن آفیسر اور جی ایچ ایم سی کمشنر آر وی کرنن نے آج ایک پریس ریلیز میں کہا کہ یہ پابندی ڈیلی ویژن، ریڈیو، اخبارات اور سوشل میڈیا پلیٹ فارمس کے علاوہ تمام ڈیجیٹل یا آن لائن چینلز پر رہے گی۔کسی بھی طرح کی خلاف ورزی پر کارروائی کی جائے گی۔

NOMINATION

بی آر ایس کے کارگزار صدر کے ٹی راما راؤ نے مجوزہ جوبلی ہلز ضمنی انتخاب کو دو دہائیوں کی ترقی اور دو سال کی عجیب وقریب حکمرانی کے درمیان مقابلہ قرار دیا ہے۔ بی آر ایس کی امیدوارہ سنیتا گوپی ناتھ کی جانب سے پرچہ نامزدگی داخل کئے جانے کے موقع پر راما راؤ نے کہا کہ ضمنی انتخاب دو انفرادی شخصیتوں کے درمیان نہیں بلکہ شفاف حکمرانی اور رشوت خور انتظامیہ کے درمیان ہے۔ انہوں نے اِس ضمنی انتخاب کو تلنگانہ میں کے سی آر کے دور کی واپسی کا پہلا قدم قرار دیا۔ سنیتا نے اپنی بچوں اور پارٹی کے سینئر لیڈرس بشمول کے ٹی آر، سرینواس یادو، پدما راؤ گوڑ اور دیگر کے ہمراہ شیخ پیٹ ایم آر او آفس پہنچ کر پرچہ نامزدگی کے دو سیٹ داخل کئے۔

SRIDHAR BABU

تلنگانہ کے آئی ٹی وزیر سریدھر بابو نے الزام عائد کیا ہے کہ بی جے پی اور بی آر ایس ووٹ چوری میں ملوث ہیں۔ گاندھی بھون میں آج وزرا کے ساتھ دوبدو پروگرام میں انہوں نے عوام کے ساتھ راست بات چیت کی اور مختلف شکایتیں وصول کرنے کے علاوہ متعلقہ محکموں کے عہدیداروں کو اس سلسلہ میں فوری اقدامات کرنے کی ہدایت دی۔ ٹی پی سی سی صدر و ایم ایل سی مہیش کمار گوڑ کی ہدایت کے مطابق ہر چہارشنبہ کو عوام سے بات چیت کا ہفتہ واری پروگرام منعقد کیا جا رہا ہے۔ بعدازاں سریدھر بابو نے دونوں مذکورہ پارٹیوں پر جمہوریت کے طریقہ کار پر عمل نہ کرنے کا الزام عائد کیا اور کہا کہ بی آر ایس نے گزشتہ اسمبلی انتخابات سے پہلے ووٹر لسٹ میں چھیڑ چھاڑ کی۔ انہوں نے اس یقین کا اظہار کیا کا نگریس جوبلی ہلز میں کامیاب رہے گی۔

CANDIDATE:

بی جے پی نے حلقہ اسمبلی جوبلی ہلز کیلئے سرکاری طور پر دیپک ریڈی کو اپنا امیدوار نامزد کرنے کا اعلان کیا ہے۔ پارٹی کی مرکزی قیادت نے آج دیپک کے نام کا اعلان کیا۔ دیپک ریڈی نے 2023ء کے اسمبلی انتخابات میں اسی حلقہ سے مقابلہ کرتے ہوئے 25 ہزار 866 ووٹ یعنی 14.11 فیصد ووٹ حاصل کئے تھے اس طرح وہ تیسرے مقام پر رہے تھے۔

BANDI:

مملکتی وزیر داخلی امور بنڈی سنجے کمار نے آج کہا ہے کہ گڈچرولی، مہاراشٹرا میں سینئر ماؤنواز لیڈر وینوگوپال راؤ اوران کے دیگر 60 ارکان کے ساتھ اختیار کردہ خودسپردگی، نکسل تحریک کے خلاف مقابلہ میں ایک بڑا موڑ ہے۔ بنڈی سنجے نے ایکس پر کہا کہ کل کی گئی اس خودسپردگی سے مرکزی وزیر داخلہ امیت شاہ کی زیر قیادت بروقت اپنائی گئی حکمتِ عملی کو نافذ کرنے کے ٹھوس نتائج ظاہر ہوتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ مرکزی وزیر داخلہ کا مقصد ہے کہ مارچ 2026ء تک نکسل ازم کا مکمل طور پر خاتمہ کردیا جائے گا۔ انہوں نے دیگر ماؤنوازوں پر زور دیا کہ وہ بھی ہتھیار ڈال دیں۔

PROCUREMEN

تلنگانہ حکومت، خریف سیزن کے دوران اناج خریدنے کیلئے تیار کررہی ہے جیسا کہ اِس مرتبہ ریکارڈ تعداد میں اناج کی پیداوار ہوئی ہے۔ ریاست میں خریف سیزن 2025ء کے دوران اناج کی 148.03 لاکھ میٹرک ٹن ریکارڈ پیداوار ہوئی ہے جو واحد سیزن میں اعظم ترین ہے۔ سیول سپلائز کے ریاستی وزیر اتم کمار ریڈی نے عہدیداروں کو ہدایت دی ہے کہ کسانوں سے اناج کی خریدی کے مرحلہ کو عمدگی سے انجام دینے کے لئے تمام تر اقدامات کئے جائیں۔ وزیر نے زراعت کے وزیر ناگیشور راؤ اور چیف سکریٹری رام کرشنا راؤ کے ہمراہ آج ایک ویڈیو کانفرنس کے ذریعہ اضلاع کے کلکٹرس کے ساتھ دھان کی خریدی کے سلسلہ میں کئے جارہے اقدامات کے تعلق سے واقفیت حاصل کی۔ انہوں نے بتایا کہ حکومت فائن رائس کیلئے فی کنٹل پانچ سو روپے بونس دینے کا یقین دلاتی ہے۔

WEATHER:

تلنگانہ کے مختلف علاقوں میں آئندہ پانچ دن کے دوران بونده باندی کے علاوہ بجلیاں چمکنے اور تیز ہوائیں چلنے کا امکان ہے۔ محکمہ موسمیات کے مرکز نے اپنی روزانہ کی رپورٹ میں کہا کہ ریاست بھر میں جنوب مغربی مانسون کمزور پڑ گیا ہے جبکہ گزشتہ 24 گھنٹوں کے دوران ریاست کے چند ایک مقامات پر بارش ہوئی۔

CM-TRIBUTES

سابق صدر جمہوریہ و بھارت رتن ڈاکٹر اے پی جے عبدالکلام کی یوم پیدائش تقاریب آج منائی گئی۔ وزیراعلیٰ ریونت ریڈی نے جوبلی ہلز میں واقع اپنی قیام گاہ پر ڈاکٹر کلام کے پوٹریٹ پر پھول چڑھائے۔ اس موقع پر وزیر سرینواس ریڈی، سی ایم کے مشیر نریندر ریڈی، ارکانِ پارلیمنٹ رگھو ویر ریڈی اور کرن کمار ریڈی کے علاوہ دوسرے بھی موجود تھے۔

SVPP ACADEMY

حیدرآباد کی سردار ولبھائی پٹیل نیشنل پولیس اکیڈیمی نے اس ماہ کی 17 تاریخ کو جملہ 190 ٹرینی آفیسرس بشمول 65 خاتون عہدیدار پاسنگ آؤٹ پریڈ میں حصہ لیں گے۔ ان ٹرینی عہدیداروں میں نیپال، بھوٹان اور مالدیپ کے 16 بیرونی عہدیدار بھی شامل ہیں۔ اکیڈیمی کے ڈائرکٹر امیت گرگ نے میڈیا کو تفصیلات باتے ہوئے کہا کہ ہر سال خاتون آفیسرس کی تعداد میں اضافہ ہو رہا ہے۔ انہوں نے کہا کہ ڈائرکٹر جنرل باڈی سیکورٹی فورس دلجیت سنگھ چودھری پریڈ کا جائزہ لیں گے اور خطاب کریں گے۔ انجیت نائر جو بیسٹ ٹرینی آفیسر قرار پائے ہیں، پریڈ کی قیادت کریں گے۔ نائر نے آکاش وانی نیوز سے بات چیت کرتے ہوئے کہا کہ اکیڈیمی ٹریننگ سے اسکلس کے علاوہ اجتماعیت کا بھی سبق ملا ہے۔

S/B ANJIT A NAYAR

بیسٹ آؤٹ ڈور پروبیشنر اور بیسٹ لیڈی پروبیشن آفیسر کریتی یادو نے بھی آکاش وانی کے ساتھ بات چیت کی۔

S/B KEETI YADAV

CHILD

تلنگانہ اسٹیٹ کمیشن برائے حقوق تحفظ اطفال (ٹی جی ایس سی پی سی آر) کی جانب سے آج سعید آباد میں واقع گورنمنٹ چلڈرنس ہوم کا تفصیلی معائنہ کیا گیا۔کمیشن نے ایسے وقت اس مرکز کا معائنہ کیا جب یہاں 6 بچوں کے ساتھ جنسی استحصال کا معاملہ سامنے آیا ہے۔اس دوران کمیشن کے ارکان نے بچوں اورعملہ کے ساتھ بات چیت کی۔ٹی جی ایس سی پی سی آر کی جانب سے مختلف اموراور سفارشات پر ایک تفصیلی رپورٹ تیار کی جائے گی جسے خواتین و بہبود اطفال کے سکریٹری کو پیش کیا جائے گا۔

HYDRAA

ہائیڈرا نے آج راجندرنگر منڈل میں موجود غیر قانونی قبضہ جات کو بڑے پیمانے پر ہٹا دیا اور بیش قیمتی سرکاری زمین دوبارہ حاصل کرلی۔عہدیداروں کے مطابق ہائیڈرا نے بودویل۔اپارا پلی مواضعات میں جَن چیتنیا لے آؤٹ ون اور دو میں غیر قانونی ڈھانچوں کو منہدم کردیا۔دوبارہ حاصل کردہ اس زمین کا رقبہ 19,878 مربع گز ہےاوراس کی قیمت 139 کروڑ روپے سے زائد ہے۔مقامی افراد کی جانب سے ہائیڈرا سے غیر قانونی قبضہ جات کی شکایت کے بعد ریونیواور بلدی عہدیداروں نے مشترکہ معائنہ کرنے کے بعد یہ کارروائی کی۔

SPORTS

امورِنوجوان اور اسپورٹس کی مرکزی وزارت نے نیشنل اسپورٹس گورننس ایکٹ 2025ء کے تحت ڈرافٹ نیشنل اسپورٹس گورننس قوانین کیلئے عوام سے تجاویز طلب کی ہیں۔اس قانون کا مقصد کھیل کے اداروں میں موجود چیالنجز سے نمٹنا اور خامیوں کو دور کرنا ہے۔وزارت نے آئندہ مہینہ کی 14 تاریخ سے پہلے تجاویز روانہ کرنے کی اپیل کی ہے۔

○○